آسان عروض اور شاعری کی بنیادی باتیں

قسط۔۱۴

سرور عالم راز سرورؔ

تمہید: مضامین کے سلسلے :آسان عروض اور شاعری کی بنیادی باتیں: کی قسط۔۱۴ پیش خدمت ہے۔اس قسط میں بھی اُردو میں مستعمل ایسی بحروں پر گفتگو جاری رکھی جائے گی جو اپنی سالم اور مزاحف دونوں شکلوں میں مستعمل ہیں۔بحر متقارب[سبق۔۱۰]،بحر متدارک[سبق۔۱۱]،بحر رَمل [سبق۔۱۲] اور بحر ہزج[سبق۔۱۳] اس سے قبل پیش کی جا چکی ہیں۔زیر نظر قسط بحر کامل سے متعلق ہے۔بحر کامل اُردو میں نہ صرف اپنی سالم اور مزاحف صورتوں میں ہی مستعمل ہے بلکہ اس کی مثمن اور مسدس دونوں شکلیں ہمارے یہاں رائج ہیں۔ویسے یہ بحر اپنے وقوع میں قلیل الاستعمال ہے۔ڈاکٹر جمال الدین جمالؔ نے اپنی کتاب: تفہیم العروض :میں اُردو غزلیہ شاعری میں اس کا وقوع تخمیناً صرف نصف فی صد بتایا ہے، گویا اُردو میں کہی گئی ہر دو سو[۲۰۰]غزلوں میں سے صرف ایک غزل بحر کامل میں ملے گی۔غزلیہ شاعری پر ایک سرسری نگاہ بھی یہ حقیقت واضح کرنے کے لئے کافی ہے کہ بحر کامل میں جو غزلیں کہی گئی ہیں ان میں سے بیشتر کامل مثمن سالم میں ہیں۔دوسری سالم اور مزاحف صورتیں مل تو جاتی ہیں لیکن ان کی تعداد بہت کم ہے اور کچھ مزاحف صورتیں تو مفقود ہی ہیں۔اس صورت حال کی وجہ معلوم نہ ہو سکی اور شاید اس کو معلوم کرنے کی کوئی ضرورت بھی نہیں ہے۔ہمارے مقاصد کے لئے یہ تلاش تحصیل لاحاصل کے مترادف ہو گی ے

ماقصۂ سکندر و دارا نہ خواندہ ایم (حافظؔ شیرازی) از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

XXXXXX

بحر کامل

کامل۔۱: تقطیع

بحر کامل مثمن سالم کی تقطیع درج ذیل ہے:

متفا عِلُن؛ متفا عِلُن؛ متفا عِلُن؛ متفا عِلُن

اسی طرح بحر کامل مسدس سالم اور بحر کامل مربع سالم کی تفاعیل بالترتیب حسب ذیل ہیں:

بحر کامل مسدس سالم: **متفا عِلُن؛ متفا عِلُن؛ متفا عِلُن**

بحر کامل مربع سالم: **متفا عِلُن؛ متفا عِلُن**

انھیں پر دوسری سالم شکلوں کو قیاس کیا جاسکتا ہے۔

کامل۔۲: زحافات

بحر کامل کا بنیادی رُکن یا اَفاعیل **متفا عِلُن** ہے۔اس کے زحافات کی تعداد میں علمائے عروض کے درمیان زیادہ اختلاف نہیں ہے۔ڈاکٹر جمال الدین جمالؔ کی کتاب: تفہیم العروض: میں متفا علن کے زحافات کی تعداد پندرہ (۱۵) لکھی ہوئی ہے۔یہی تعداد مرزا یاسؔ عظیم آبادی کی کتاب: چراغ سخن: میں بھی درج ہے۔یہ زحافات نیچے لکھے جارہے ہیں۔

[۱] **مستفعِلُن** [۲] **فَعِلاتُن**: بہ کسرۂ عین [۳] **فَعِلُن**: بہ کسرۂ عین [۴] **متفاعلان**

[۵] **متفاعلاتن** [۶] **مفا علُن** [۷] **مُفتَعِلُن**: بہ کسرہء عین [۸] **مفعولُن**

[۹] **فعلُن**: بہ سکون عین [۱۰] **مستفعلان** [۱۱] **مستفعلاتُن** [۱۲] **مفاعلان**

[۱۳] **مفاعلاتُن** [۱۴] **مفتعلان** [۱۵] **مفتعلاتن**

مولوی نجم الغنی نجمی اپنی کتاب :بحر الفصاحت: میں اس فہرست میں ایک زحاف کا اضافہ کرتے ہیں: فَعِلان: بہ کسرہ ءعین۔ اس طرح متفا علن کے زحافات کی تعداد سولہ ہو جاتی ہے اور یہی تعداد زیر نظر مضامین میں معتبر اور مستند مانی جائے گی۔ ان زحافات پر ایک غائر نظر ڈالنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اردو شاعری میں ان میں سے بہت سے زحافات مستعمل نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر ہمارے یہاں ایسے الفاظ اور فقرے شاذونادر ہی نظر آتے ہیں جو مستفعلاتن، متفاعلاتن، مفتعلاتن وغیرہ پر منطبق ہو سکیں۔ اردو شاعری مین بحر کامل کے محدود استعمال کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے۔ اسی مضمون میں آگے آنے والی بحر کامل کی تفاعیل سے بھی اس امر کی تصدیق ہو جائے گی کہ یہ زحافات ہمارے یہاں استعمال نہیں ہوئے ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر کوئی شاعر ان کو باندھنا چاہے تو وہ ایسا نہیں کر سکتا ہے۔ ان زحافات کے استعمال کی شعرا کو مکمل آزادی ہے البتہ یہ حقیقت ملحوظ خاطر رکھنے کی ضرورت ہے کہ اردو زبان و بیان سے یہ زحافات خاطر خواہ میل نہیں رکھتے ہیں۔

کامل۔۳: بحر کامل کی تفاعیل

نیچے بحر کامل کی وہ تفاعیل دی جارہی ہیں جو اردو شاعری میں مستعمل ہیں۔ ان میں سے کچھ تفاعیل کی مثالیں آسانی سے مل جاتی ہیں، کچھ کے لئے کافی محنت اور دردسری کرنی ہوتی ہے اور کچھ ایسی بھی ہیں کہ تلاش بسیار کے بعد بھی ان کی مثالیں دستیاب نہیں ہیں۔ ہر تفعیل کا نام دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی کیونکہ نام یاد رکھنے کی کوئی اہمیت یا ضرورت نہیں ہے۔ شائقین اگر چاہیں تو عروض کی مختلف مستند کتابوں میں یہ نام مل جائیں گے۔

[۱] مُتفا علُن ؛ مُتفا علُن ؛ مُتفا علُن ؛مُتفا علُن : بحر کامل مثمن سالم

[۲] مُتفا علُن ؛ مُتفا علُن ؛ مُتفا علُن : بحر کامل مسدس سالم

[۳] متفا علُن؛ متفا علُن: بحر کامل مربع سالم

[۴] متفا علُن؛ متفا علُن؛ متفا علُن؛ متفاعلان

[۵] متفا علُن؛ متفا علُن؛ متفاعلان

[۶] متفا علُن؛ متفاعلان

[۷] متفا علُن؛ مستفعلُن؛ متفا علُن؛ مستفعلُن

[۸] مستفعلُن؛ متفا علُن؛ مستفعلُن؛ متفا علُن

[۹] متفا علُن؛ مستفعلُن؛ مستفعلُن

[۱۰] مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ متفا علُن

[۱۱] مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ متفاعلان

[۱۲] مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ متفا علُن؛ متفا علُن

[۱۳] مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ متفا علُن

[۱۴] مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ متفا علُن؛ متفا عُلن

[۱۵] مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ مُتفا علُن؛ متفا علُن؛ متفاعلان

[۱۶] متفا علُن؛ مستفعلُن؛ متفا علُن

[۱۷] مستفعلُن؛ متفا علُن؛ مستفعلُن

[۱۸] مستفعلُن؛ متفا علُن؛ متفا علُن

[۱۹] مستفعلُن ؛ متفا علُن ؛ متفاعلان

[۲۰] مفاعلاتُن ؛ مفاعلاتُن ؛ مفاعلاتُن ؛ مفاعلاتُن

[۲۱] مفاعلاتُن ؛ مفاعلاتُن ؛ مفاعلاتُن

کامل۔۴: بحرِ کامل کے اشعار کی تقطیع

اب بحرِ کامل کے چند اشعار کی تقطیع کی جا رہی ہے۔ تقطیع کے طریقِ کار کو سمجھنے کے لئے قارئین کو پچھلے سبق دیکھ لینا چاہئیں تا کہ ساری باتیں واضح ہو جائیں۔ان اشعار کی ترتیب میں کوئی تکلف ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے۔ کچھ اشعار کی تقطیع سے یہ بھی ظاہر ہو جائے گا کہ اس بحر میں اوپر دی ہوئی تفاعیل کے علاوہ کچھ افاعیل[تقطیعی] نقشوں میں چند زحافات کا مختلف ترتیبوں میں اجتماع جائز ہے۔

پس مرگ میرے مزار پر جو دیا کسی نے جلا دیا
پَ سِ مَرگ مے ؛ رِ مَزار پر ؛ جُ دِیا کِ سی ؛ نِ جَ لا دِیا
مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

اُسے آہِ دامنِ یار نے سرِ شام ہی سے بجھا دیا
اُ سِ آہِ دَا ؛ مَ نِ یا رَ نے ؛ سَ رِ شام ہی ؛ سِ بُ جا دِیا
مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

تو بہار اپنے جمال کی بہت آئینے میں اے یار دیکھ
تُ بَہا رَ اَپ ؛ نِ جَ مال کی ؛ بَ ہُ تا ءِ نے ؛ مِ اَیا رَ دیک
مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلان

مری داستان فراق سُن ، مرا حال خستہ و زار دیکھ

مِ رِ داس تا؛ نِ فِ راق سُن؛ مِ رَ حالِ خس؛ تَ ؤ زارَ دیک

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلان

نہیں ہوش والوں پہ کچھ حسد مجھے رشک ہے تو انھوں پہ ہے

نَ ہِ ہوش وا؛ لُ پِ کُچ حَ سد؛ مُ جِ رَش کَ ہے ؛ تُ اُنو پِ ہے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

جنھیں تیرے جلوے کے سامنے مری طرح بے خبری رہی

جِ نِ تے رِ جَل؛ وِ کِ سامَ نے؛مِ رِ طَرحَ بے؛ خَ بَ رِی رَہی

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

شب وصل دیکھی جو خواب میں تو سحر کو سینہ فگار تھا

شَ بِ وَص لِ دے؛ کِ جُ خاب مے؛ تُ سِ حر کَ سی؛ نَ فِ گا رَ تا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

یہی بس خیال تھا دم بدم کہ ابھی تو پاس وہ یار تھا

یِ ہِ بَس خَ یا ؛ لَ تَ دم بَ دم ؛ کِ اَبِی تُ پا ؛ س وُ یا رَ تا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[جراءت]

بصد آرزو جو وہ آیا تو یہ حجاب عشق سے حال تھا

بَ صَ دا رَ زو؛ جُ وُ آء تو ؛ يِ حِ جابِ عِش؛ قَ سِ حال تا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

کہ ہزاروں دل میں تھیں حسرتیں اور اُٹھانا آنکھ محال تھا

کِ ہَ زارُ دِل ؛ مِ تِ حس رَ تے ؛ اُ ٹھا نا نَ اا ؛ کَ مُ حال تا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[جراءت]

یہ جنوں سے شکل ہے اب مری کہوں کس سے حالت بیکسی

يِ جُ نوس سِ شکَ ؛ لِ ہِ اَب مِ ری؛ کَ ہُ کس سِ حا؛ لِ تِ بے کَ سی

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

نہ کسی سے اپنا لگے ہے جی، نہ کوئی اب آنکھ ملائے ہے

نَ کِ سی سِ اَپ ؛ نَ لَ گے ہِ جی ؛ نَ کُ ئی اَ با ؛ کَ مِ لاء ہے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[جراءت]

یہ بھی اِک ستم ہے کہ خواب میں مجھے شکل اپنی دِکھا گئے

يِ بِ اِ کَ سِ تم؛ ہِ کِ خاب مے؛ مُ جِ شکَ لَ اَپ؛ نِ دِ کا گَ ئے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

کبھی نیند برسوں میں آئی تھی سو اسی بہانے جگا گئے

کَ بِنی دَ بَر ؛ سَ مِ اا ء قی؛ سَ اِسی بَ ہا ؛ نِ جَ گا گَ ئے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن ؛ مُتَفا عِلُن

[حسرت لکھنوی]

رہ عشق کے کج و پیچ میں جو رفیق تھے سو جدا ہوئے

رَہِ عِشْ قِ کے؛ کَ جُ پے چ مے؛ جُ رَ فی قِ تے؛ سُ جُ دا ہُ ئے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

مگر ایک نالہ و آہ کو مرے دم سے ہم سفری رہی

مَ گَ رے کَ نا؛ لِ وُ آہ کو؛ مِ رِ دَم سِ ہم ؛ سَ فَ ری رَہی

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[رفیق دہلوی]

نہ ہوئی کبھی مجھ سے خطا نہ ہوا کرو مجھ پر خفا

نَ ہُ ئی کَ بھی؛ مُجھ سے خَ طا؛ نَ ہُ وا کَ رو؛ مُجھ پَر خَ فا

مُتَفا عِلُن مستفعِلُن مُتَفا عِلُن مستفعِلُن

نہ دیا کرو تم گالیاں نہ کیا کرو مجھ پر جفا

نَ دِیا کَ رو؛ تُم گا لِ یا ؛ نَ کِ یا کَ رو؛ مُجھ پَر جَ فا

مُتَفا عِلُن مستفعِلُن مُتَفا عِلُن مستفعِلُن

[طالب]

اُس خوب رو کو جو دیکھ لے یہ مجال کیا ہے حور کی

اُس خوب رُو؛ کہ جو دے کہ لے؛ یِ مَجال کا؛ ہے حُو رَ کی

مستفعِلُن   متفا عِلُن   متفا عِلُن   مستفعِلُن

کہ وہ سیم تن نام خدا تصویر ہے ڈھلی نور کی

کِہ وُ سی مَ تَن؛ نا مے خُ دا ؛ تَص وِی رَ ہے ؛ ڈَ لی نو رَ کی

متفا عِلُن   مستفعِلُن   مستفعِلُن   متفا عِلُن

[لا اعلم]

ہے مکان اپنا لا مکاں سو نشان اپنا ہے بے نشاں

ہِ مَ کا نَ اَپ ؛ نا لا مَ کا ؛ سُ نِ شا نَ اَپ ؛ نَ ہِ بے نِ شا

مُتَفا عِلُن   مستفعِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن

لبِ ضامن آ کرے کیا بیان کہ خرد بھی واں پہ دھری رہی

لِ بِ ضا مِ نا ؛ کَ رِ کا بَ یا ؛ کِ خِ رَد بِ وا؛ پِ دَ ری رَ ہی

مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن

[ضامن]

ترے ہجر سے آئی ہے لب پہ جانِ زار

تِ رِہج رِ سے ؛ اا ئی ہِ لَب ؛ پہ جا نِ زار

متفا عِلُن   مستفعِلُن   مستفعِلان

یہ بتا مجھے تو تھا کہاں اے گل عذار

یِ بَ تا مُ جے ؛ تو تا کَ ہا ؛ اے گل عِ زار
متفا عِلُن مستفعِلُن مستفعلان

[بیتاب]

مرے دل نہیں نہ دماغ ہے [ناشاد] مجھے ہوش ہے نہ حواس ہے
مِ رِ دِل نَ ہی ؛ نَ دِ ماغَ ہے مُ جِ ہوش ہے ؛ نَ حَ واس ہے
جو تھے جانے والے چلے گئے ابھی باقی حسرت و یاس ہے
جُ تِ جانےوا ؛ لِ چَ لے گَ ءِ اَ بِ باقِ حَس ؛ رَ تُ یاس ہے
کبھی ایک بھی نہ وفا کیا رے جھوٹے سارے قرار ہیں
کَ بِ اے کَ بی؛ نَ وَفا کِ یا تِ رِ جُھوٹِ سا؛ رِ قَ رار ہے
مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

نہ نسیم باغ و بہار ہوں، نہ فدائے روئے نگار ہوں
نَ نَ سی مِ با ؛ غُ بَ ہارَہُو ؛ نَ فِ داءِ رُو ؛ ءِ نِ گارَہُو
میں غریب شہر و دیار ہوں، مری دیر و کعبہ میں جا نہیں
مَ غَ ری بِ شہ ؛ رُ دَیارَہُو ؛ مِ رِ دَے رُ کَع ؛ بِ مِ جا نَ ہی
مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[مصحفی]

کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں

کَ بھِ اے حَ قی؛ قَ تِ مُن تَ ظِر ؛ نَ ظَ رَا لِ با؛ سِ مَ جا زَ مے

کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبینِ نیاز میں

کِ ہَ زَا رُ سَج ؛ دِ تَ ڑَپ رَ ہے ؛ ہِ مِ رِی جَ بِی ؛ نِ نَ یا زَ مے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[علامہ اقبال]

میں بدن ہوں تو مری روح ہے ترا کیا ٹھکانہ مرے بغیر

مَ بَ دَن ہُ تُو؛ مِ رِ رُو حَ ہے ؛ تِ رَ کا ٹِ کا ؛ نَ مِ رے بَ غیر

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلان

یہ مقام و وقت ہیں بیکراں مری جان مجھ سے جدا نہ ہو

یِ مُ قا مُ وَق ؛ تَ ہِ بے کَ رَا ؛ مِ رِ جا نَ مُجھ ؛ سِ جُ دَا نَ ہو

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا علن

[میر نسیم محمود]

جو رُکے تو کوہِ گراں تھے ہم جو چلے تو جاں سے گزر گئے

جُ رُ کے تُ کو؛ ہِ گِ را تِ ہم؛ جُ چَ لے تُ جا ؛ سِ گُ زَر گَ ئے

رہِ یار ہم نے قدم قدم تجھے یادگار بنا دیا

رَ ہِ یا رَ ہم ؛ نِ قَ دَم قَ دَم ؛ تُ جِ یا دَ گا ؛ رَ بَ نا دِ یا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[فیض احمد فیض]

ذرا اُن کی شوخی تو دیکھیے لئے زلف خم شدہ ہاتھ میں

ذَرَاُن کِ شو؛خِ ٹ دے کِ ئے؛لِ ءزُل فِ خَم؛ شُ دَہا تَ مے

مرے پیچھے آ کے دبے دبے مجھے سانپ کہہ کے ڈرا دیا

مِ رِپی چِ اا ؛ کِ دَبے دَ بے ؛ مُ جِ سا پَ کہہ؛ کِ ڈَرا دِیا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[بہادر شاہ ظفر]

مری جو نماز ادا ہوئی وہ قضا ہوئی [سلیم شاہد] مرا رُخ بھی ہو کبھی قبلہ رو کبھی آ ئے تو

مِ رِ جو نَ ما ؛ زَ اَدا ہُ ئی ؛ وُ قَ ضا ہُ ئی مِ رَ رُخ بِ ہو؛ کَ بِ قِب لَ رو؛ کَ بِ اا ءِ تو

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

نہ مجھے ہی اس کا پتا کوئی [منیر نیازی] نہ اُسے خبر مرے حال کی

نَ مُ جے ہِ اُس ؛ کَ پَ تا کَ ئی نَ اُ سے خَ بر ؛ مِ رِ حال کی

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

وہ جو لطف مجھ پہ تھے بیشتر، وہ کرم کہ تھا مرے حال پر

وُ جُ لُط فَ مُج؛ پِ تِ بے شُ تر؛ وُ کَ رَم کِ تا؛ مِ رِ حال پَر

مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

مُ جِ سب ہِ یا ؛ دَ ذَرا ذَرا ؛ تُ مِ یا دَ ہو؛ کِ نَ یاد ہو

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[مومن خاں مومن]

نہ کسی کی آنکھ کا نور ہوں، نہ کسی کے دل کا قرار ہوں

نَ کِ سی کِ اا؛ کَ کَ نورَہُو؛ نَ کِ سی کِ دِل؛ کَ قَ رارَہُو

جو کسی کے کام نہ آ سکے، میں وہ ایک مشت غبار ہوں

جُ کِ سی کِ کا ؛ مَ نَ اا سَ کے؛ مَ وِ اے کَ مُش؛ تِ غُ بارَہُو

مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن

[بہادر شاہ ظفر]

کوئی کیوں کسی کا لبھائے دل، کوئی کیا کسی سے لگائے دل

کَ ءِ کو کِ سی؛ کَ لُ باءِ دِل؛ کَ ءِ کا کِ سی؛ سِ لَ گاءِ دِل

وہ جو بیچتے تھے دوائے دل، وہ دکان اپنی بڑھا گئے

وُ جُ بے چَ تے؛ تِ دَ واءِ دِل ؛ وُ دُ کانَ اَپ ؛ نِ بَ ڑا گَ ءے

مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن

[بہادر شاہ ظفر]

مری زندگی پہ نہ مسکرا، مجھے زندگی کا الم نہیں

مِ رِزِن دَ گی؛ پِ نَ مُس کَ را؛ مُ جِ زِن دَ گی؛ کَ اَلَم نَ ہی

جسے تیرے غم سے ہو واسطا، وہ خزاں بہار سے کم نہیں

جِ سِ تے رِ غَم ؛ سِ ہُ وا سِ طا ؛ وُ خِ زَا بَ ہا؛ رَ سِ کَم نَ ہی

مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن   مُتَفا عِلُن

[شکیل بدایونی]

شب انتظار کی کشمکش میں نہ پوچھ کیسے سحر ہوئی

شَ بِ اِن تِ ظا؛ رَ کِ کَش مَ کَش؛ مِ نَ پوچ کے؛ سِ سَ حَر ہُ ئی

کبھی اِک چراغ جلا دیا، کبھی اک چراغ بجھادیا

کَ بِ اِک چِ را؛ غ جَ لا دِ یا؛ کَ بِ اِک چِ را؛ غ بُ جا دِ یا

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[مجروح سلطانپوری]

ترے رنگ و بو کو فروغ دے غم عشق کی یہ فسردگی

تِ رِ رَ گ گ بو؛ کَ فَ روغ دے؛ غَ مِ عِش قِ کی؛ یِ فَ سُر دَ گی

نہ اثر کرے تو ہے آہِ دل، کچھ اثر کرے تو دُعا بھی ہے

نَ اَثر کَ رے؛ تُ ہِ آہ دِل؛ کَ چ اَثر کَ رے؛ تُ دُعا بِ ہے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[فراق گورکھپوری]

نہ خزاں میں ہے کوئی تیرگی، نہ بہار میں کوئی روشنی

نَ خِ زَا مِ ہے؛ کُ ءِ تی رَ گی؛ نَ بَ ہا رَ مے؛ کُ ءِ روش نی

یہ نظر نظر کے چراغ ہیں کبھی بجھ گئے، کبھی جل گئے

یِ نَ ظر نَ ظر؛ کِ چِ را غ ہے؛ کَ بِ جل گَ ءے؛ کَ بِ بُجھ گَ ءے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[شاعر لکھنوی]

مرا خوش خرام بلا کا تیز خرام تھا

مِ رَ خُش خِ را؛ مَ بَ لا کِ تے ؛ زَ خِ را مَ تا

مری زندگی سے چلا گیا تو خبر ہوئی

مِ رِ زِن دَ گی ؛ سِ چَ لا گ یا ؛ تُ خَ بَ ر ہُ ئی

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

جو غم حبیب سے دُور تھے وہ خود اپنی آگ میں جل گئے

جُ غَ مے حَ بی ؛ بَ سِ دُو رَ تے ؛ وُ خُ دَ پِ نی اا ؛ گ مِ جَل گ ئے

جو غمِ حبیب کو پا گئے، وہ غموں سے ہنس کے نکل گئے

جُ غَ مے حَ بی ؛ بَ کُ پا گ ئے ؛ وُ غَ مو سِ ہَس ؛ کِ نِ کل گ ئے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[شاعر لکھنوی]

تجھے کیا بتاؤں میں ساقیا مری بے خودی کا جو راز ہے

تُ جِ کا بَ تا ؛ وُ مِ سا قِ یا ؛ مِ رِ بے خُ دی ؛ کِ جُ رَا زَ ہے

میں قتیلِ نشہء حسن ہوں مجھے اک حسیں سے نیاز ہے

مِ قَ تی لِ نَش ؛ شَ ءِ حُس نَ ہو ؛ مُ جِ اِک حَ سی ؛ سِ نِ یا زَ ہے

مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن مُتَفا عِلُن

[سرور عالم راز سرور]

کامل۔۵: اختتامیہ

آخر میں ان سب احباب کا دلی شکر گزار ہوں جن کی اِن مضامین میں دلچسپی میری ہمت افزائی کا باعث ہے۔ علم عروض کافی حد تک ایک خشک اور پیچیدہ علم ہے اور شاعروں کو اس کی جزویات سے دلچسپی ہمیشہ ہی کم رہی ہے۔ آج کے مشینی دَور میں جب کہ زندگی اور اس کے تمام عوامل کی رفتار انتہائی صبر آزما اور تیز ہو گئی ہے اِس علم میں لوگوں کی دلچسپی اَور بھی کم ہو گئی ہے۔ یہ سلسلہ بہر کیف چلتا رہے گا تاوقتیکہ اپنے اختتام کو پہنچ جائے۔ اس کے بعد اس پر نظر ثانی کی جائے گی اور احباب کے سوالات و حواشی کی روشنی میں مناسب ترمیم و تنسیخ کے بعد اس کو کتابی شکل دی جائے گی۔ انشا اللہ۔